نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت کپاس کی صورتحال بارے محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان میں جائزہ اجلاس کا انعقاد

پنجاب میں کپاس کی کاشت کا 94 فیصد ہدف حاصل، تحصیل اڈاپشن پروگرام میں نجی شعبہ متحرک: سیکرٹری زراعت پنجاب

لاہور:30 مئی 2025:( ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ پنجاب میں اب تک 33 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبے پر کپاس کی کاشت مکمل ہو چکی ہے اور صوبہ 94 فیصد مقررہ ہدف حاصل کر چکا ہے۔ یہ بات انہوں نے کپاس کی موجودہ صورتحال پر منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کا کہنا تھا کہ مرحلہ وار کاشت کے ذریعے کپاس کی پیداوار میں بہتری لانے کی ایک منفرد اور کامیاب روایت قائم کی گئی ہے، جبکہ پرائیویٹ سیکٹر نے تحصیل اڈاپشن پروگرام کے تحت کپاس کی نگہداشت میں فعال کردار ادا کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کی 43 تحصیلوں میں کسان سہولت سنٹرز قائم کیے جا رہے ہیں جہاں معیاری زرعی زہریں، سپرے مشینری رعایتی نرخوں پر فراہم کی جائیں گی۔ اس کے علاوہ سہولت سنٹرز پر مشاورتی کاؤنٹرز قائم کئے جائیں گے تاکہ کاشتکاروں کی بھرپور رہنمائی ممکن ہو سکے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی قیادت میں کسان کارڈ پروگرام پر کاشتکاروں کا اعتماد مسلسل بڑھا ہے، اور اس کے ذریعے کاشتکار اپنی ضرورت کے مطابق زرعی مداخل کی خریداری کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نہری پانی کی بروقت فراہمی محکمہ آبپاشی کی بہترین حکمت عملی کا نتیجہ ہے۔ اجلاس میں شریک پاکستان کراپ پروٹیکشن ایسوسی ایشن اور کراپ لائف تنظیموں نے تحصیل اڈاپشن پروگرام میں رضاکارانہ خدمات کی یقین دہانی کرائی۔ اجلاس میں اسپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، چیئرمین نیشنل سیڈ اتھارٹی ڈاکٹر آصف علی، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد رجوانہ، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر ساجد الرحمٰن، ڈاکٹر عبدالقیوم، ڈاکٹر عامر رسول، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر محمد انجم علی اور دیگر اعلیٰ افسران وزرعی ماہرین شریک ہوئے۔ اس کے علاوہ ڈاکٹر محمد اقبال بندیشہ، ڈاکٹر محمد شفیق پتافی، آصف مجید، ڈاکٹر خالد حمید، خواجہ فیاض، شکیل احمد، ذیشان بیگ بھی اجلاس میں موجود تھے جبکہ سعد اکبر، انجینئر سلیم قریشی اور محمد اعظم چیمہ، رشید احمد نے آن لائن شرکت کی۔

☆☆☆☆